ریزرو بینک آف انڈیا

www.rbi.org.in

۱۴؍جنوری

آر بی آئی2015/-16/286

ایف آئی ڈی ڈی ایف ایل سی، بی سی نمبر18/12.01.018/2015-16

چیئرمین/ ایم ڈی و سی ای او

آر آر بی سمیت فہرست شدہ کمرشیل بینک

محترم/محترمہ

**فائنانشیل لٹریسی سینٹر (مالیاتی تعلیمی مراکز) نئی ہدایات**

بینکوں کی (FLCs) دیہی شاخوں کی جانب سے فائنانشیل لٹریسی کیمپوں کے چلانے کے لئے عملی ہدایات جاری والے ہمارے سرکلر

RPCD. FLC No. 12452/12.01.018/2011-12 dated 6/6/2012

RPCD. FLC No. 7641/12.01.018/2012-13 dated 31/1/2013

کے حوالے کے ساتھ آر بی آئی کے ذریعہ کی جانے والی مالی اضافہ کاوشوں اور پی ایم جے ڈی وائی کے توسط سے بینکوں کے ذریعہ اکاؤنٹ کھولنے کے نتیجہ میں مالی اضافہ کے میدان میں ایک عظیم کامیابی حاصل کی گئی۔ اس سلسلہ کو مزید تقویت پہنچانے کے لئے سابقہ رکھے ہوئے اکاؤنٹ کے برقرار رہنے پر زور دیا جا رہا ہے۔ آنے والے سالوں میں فائنانشیل لیٹریسی اسکیم کو مرکزیت حاصل ہوگی کیونکہ اس سے صارفین کو دستوری مصنوعات کے منافع اور سرمایہ کاروں کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے اور وہ انتخابات کے اختیار کرنے کا موقع ملتا ہے جو ان کی ضروریات کے مناسب ہوں اور پیسہ کی اچھی کی قیمت کی فراہمی کے قابل ہوں۔ ایف ایل سی اور دیہی بینک شاخیں مختلف گروہوں مثلاً کسانوں، خورد و چھوٹے سرمایہ دار، اسکولی بچوں، ایس ایچ جی اور سینئر شہریوں وغیرہ کے لئے کوئی بھی مطلوبہ طریقہ اختیار کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ فائنانشیل لیٹریسی کیمپوں کے انعقاد کے دوران مختلف اداروں مثلاً RBI, DDM NABARD, LDM کے LDO ضلع و مقامی انتظامیہ، بلاک سطح افسران، این جی او، ایس جی او، بی سی ایس، کسانوں، کلبوں، پنچایتوں، آر اے سی ایس مواضعاتی

سطح کے سرکاری عہدہ داروں کے مابین بنیادی طور پر مناسب ثبوت بھی ہونا چاہئے۔

مذکورہ بالا حقائق کے پیش نظر حالیہ مالی رجحان سے وابستہ ہونے کے لئے از سرنو ہدایات کی تشکیل کی گئی ہے، اسی لحاظ سے لیڈ بینکوں کی فائنانشیل لیٹریسی سینٹروں کے لئے نئی ہدایات اور ایف ایل سی و بینک کی دیہی شاخوں کے کیمپوں کے انعقاد کے لئے عمل ہدایات کی تشکیل کی گئی ہے اوران کو رپورٹنگ ڈرائع کے ساتھ منسلک کردیا گیا ہے تاکہ ایس ایل بی سی کنوینز بینکوں/ لیڈ بینکوں کے ذریعہ تعمیل کی جائے۔ بینک اس بات کو مدنظر رکھیں کہ فائنانشیل لیٹریسی سینٹروں کے سلسلہ میں اجراء شدہ مٹی ھدایات کو RPCD. FLC No. 12452/12.01.018/2011-12 dated 6/6/2012 کی ہدایات پر فوقیت حاصل ہوگی، ہاں البتہ ۳۱ رجنوری ۲۰۱۳ء کو جاری ہونے والے سرکلر

RPCD. FLC No. 7641/12.01.018/2012-13 dated 31/1/2013 میں جاری کردی فائنانشیل لیٹریسی گائڈ کو چھوڑ کر (صفحات ۳، ۴، ۵ کو چھوڑ کر جن میں کیمپوں کے انعقاد کے سلسلہ میں عملی ہدایات کا تذکرہ ہے) کو تربیت دینے والوں کے ذریعہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

فائنانشیل لیٹریسی کیمپوں کی تعیین ریزروبینک آف انڈیا کے لیڈ ڈسٹرکٹ افسروں کے ذریعہ حالیہ بنیاد پر کی جائے گی۔

مخلص

دستخط

اے۔ادگاتا

پرنسپل چیف جنرل منیجر

انیکزر۔۱

بینکوں کی ایف ایل سی ایس کے لئے نئی ہدایات اور کیمپوں کے چلانے کے لئے عملی ہدایات زیادہ مضبوط ایف ایل سی طریقہ کار

فائنشیل لیٹریسی سینٹر (مراکز) ایسے تعمیری بلاک ہیں یا ایسی بنیادی اکائیاں ہین جن سے بنیادی سطح پر فائنشیل لیٹریسی سرگریوں کی ابتداء ہوتی ہے۔ اس لئے بینکوں کو چاہئے کہ وہ کم سے کم بنیادی انفرسٹرا کچر فراہم کرائے اور موجودہ ایف ایل سی ایکوسسٹم کو مضبوط کرے۔

فائنشیل لیٹریسی سینٹروں کی سرپرستی کرنے والا فائنشیل لیٹریسی کونسلر/ ڈائرکٹر مشیر کار ابتدائی سطح پر فائنشیل لیٹریسی اقدامات کرنے میں کلیدی ذمہ دار ہے۔ بینکوں کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر ایف ایل سی میں جاری فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں کی تقرری/تعیین کے لئے بورڈ کی جانب سے منظور شدہ تجاویز وحکمت عملیوں پر عمل درآمد شروع کردے۔

مندرجہ ذیل نکات کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔

الف۔ منعقدہ کیمپوں میں فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں کی اہلیت ولیاقت

ب۔ بینکنگ/متعلقہ میدانوں میں سابقہ تجربہ کار

ج۔ کمپیوٹروں پر کام کرنے کے سلسلہ میں عملی واقفیت

د۔ مقامی زبان وواقفیت

ر۔ فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں کی انتہائی عمر

س۔ ہر کارکردگی کے لئے تشجیعات سمیت بازاروشرحوں کے مطابق مقررہ اجرت

۲۔ انفراسٹرکچر: چونکہ ایف ایل سی لیڈ بینک آفس یا دیہی شاخوں کا ایک جز ہیں اس لئے انھیں آنے والے کسٹمروں کے مخاطب یا بات چیت کرنے کے لئے کم سے کم دس ممبروں کے بیٹھنے کے بقدر کمرہ/ جگہ فراہم کرنا چاہئے۔

۳۔ کمپیوٹر/ لیپ ٹاپ/ پرنٹر/فرنیچر اور تنصیبات جیسی بنیادی چیزوں کی فراہمی ہونی چاہئے۔

۴۔ فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں کے لئے ٹرانسپورٹ کی فراہمی ہو۔

۵۔ ہر فائنشیل لیٹریسی مشیر کار کو چاہئے کہ وہ ضلع میں عوامی مشکلات سے نپٹنے کے لئے ایک علاحدہ ہیلپ لائن رکھے اور اس ہیلپ لائن کی عوام میں تشہیر کی جائے۔

۶۔ فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں کی صلاحیت سازی

فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں کو ٹریننگ دینے کے لئے آر بی آئی اس سال سی اے بی پونا کے مابین اشتراک سے ایک ورکشاپ ٹریننگ پروگرام منعقد کرے گا۔ آر بی آئی کے علاقائی آفس کی جانب سے ہر ریاست میں ریاسی سطح پر فائنشیل لیٹریسی ہفتہ کے طور پر ہر سال ورکشاپوں کا انعقاد ہوگا۔

ہر ایس ایل بی سی کنو ینر کو چاہیئے کہ وہ فائنشیل لیٹریسی  سینٹروں پر ایل ڈی ایم ایس/اسپانسر بینکوں کی سرمایہ کاری کے باری SLBC/UTLBC سے دی جانے والی معلومات (منسلکہ ii کے مطابق فارمیٹ) کو اپ ڈیٹ کرتا رہے۔

۲۔ فائنشیل لیٹریسی اور کیمپوں کے انعقاد کے لئے مطلوبہ طریقہ کار ہمارے جیسے رنگا رنگ ملک میں مختلف الاھداف گروہوں کے ضرورت سے نپٹے کے لئے معاشی تعلیم کو عام کئے جانے کی ضرورت ہے اس کے علاوہ اس بنیادی معاشی لٹریسی کے بھی عام کئے جانے سے جس کا جاننا ہر شخص کے لئے ضروری ہے۔

اس سلسلہ میں ایف ایل سی اور بینک کی دیہی شاخوں کو چاہیئے کہ وہ بنیادی طور پر مختلف الاہداف گروہوں کی تشخیص کریں اور ہم نوعی سامعین ومشاہدین کے لئے کیمپ چلائیں تا کہ معاشی تعلیم پہر اور زیادہ زور دیا جاسکے اور اس کو اچھے طریقہ سے ذہن نشین کرایا جاسکے۔

مزید برآں کیمپوں کے انعقاد کے سلسلہ میں ایکف ایل سی اور دیہی شاخوں کی کارروائی وادائی مندرجہ ذیل انداز سے ہوگی۔

نمبر ا۔ پی ایم جے ڈی وائی کھاتے داروں سمیت معاشی نظام میں نئے شامل ہونے والے لوگوں کے لئے خصوصی کیمپ ایف ایل سی اور بینک کی دیہی شاخوں کو چاہیئے کہ وہ اس مبینہ ٹولی کو یہ خیال رکھتے ہوئے مخاطب کریں کہ وہ بھی حال میں ہی معاشی نظام میں شامل ہوئے ہیں۔اس بات کے لئے ان کی حوصلہ افزائی کرنا چاہیئے کہ وہ معنی خیز ٹرانزیکشن کریں اور بینک اکاؤنٹ سے وابستہ فوائد ومنافع کا استعمال شروع کریں۔اس مبینہ ٹولی کی معلومات پر مشتمل ایک کتابچہ تیار کیا گیا ہے اور اس کے سات منسلک ہے۔ بینک اس کتابچہ کا ترجمہ مقامی زبان میں کر سکتے ہیں اور کیمپ مساہمین کو فراہم کر سکتے ہیں

(ہدف) ہر فائنشیل لیٹریسی مشیر کاروں اور بینک کی مقامی دیہی شاخوں کے ذریعہ ماہانہ کم سے کم ایک کیمپ۔

خصوصی کیمپ کم سے کم ایک سال کی مدت تک قائم رہنا چاہیئے۔ ہر کیمپ میں کوشش اس بات کی وہ کہ مساہمین کی زیادہ سے زیادہ تعداد کا احاطہ کیا جائے۔

۲۔ مختلف طبقات کے لئے ٹارگیٹ گروپ خصوصی کیمپ

- ☆ کسان
- ☆ ایس ایچ جی
- ☆ خورد اور چھوٹے معیار کے سرمایہ دار
- ☆ سینئر شہری
- ☆ اسکولی بچے
- ☆ دیگر (ایف ایل سی کی جانب سے شناخت کی جائے)

ہدف: ہر ایف ایل سی اور بینک کی دیہی شاخ کے ذریعہ ہر ٹارگیٹ گروپ کے لئے ہر ماہ ایک کیمپ

کیمپوں کے انعقاد سے قبل مناسب تشہیر بھی کی جائے۔

## III اجتماعی کوشش اور معاشی کفالت

فائنشیل لیٹریسی سینٹروں کو چاہیئے کہ کیمپ کے انعقاد کے دوران ضلع / پنچایت مواضعاتی سطح کے مثلاً ایل ڈی ایم، LDO NABARD DDM RBI ضلع ومقامی انتظامیہ، بلاک سطح کے افسران، ای جی او، ایس ایچ جی، بی سی، کسان کلب، پنچایت، پی اے سی ایس، ضلع سطح کے سرکاری کارندے وغیرہ جیسے حتی الامکان اسٹیک ہولڈروں کو اپنے ساتھ جوڑنے کی کوشش کریں۔کیمپ کے انعقاد سے قبل مناسب تشہیر بھی کی جائے۔کتابچوں کی تقسیم، پنچایت ومقامی انتظامیہ اور میڈیا نشرواشاعت وغیرہ کو کیمپوں کی کامیابی کا ضامن سمجھا جاتا ہے۔

اس وقت NABARD تمام بینکوں کے ذریعہ فائنشیل لیٹریسی سینٹر قائم کرنے کے لئے فنڈ مہیا کرائے جانے کے سلسلہ میں ایک نمایاں پالیسی تیار کرنے میں لگا ہوا ہے۔فائنشیل انکلوزن فنڈ سے جاری ہوانے والی فائنشیل لیٹریسی کے سلسلہ میں ملنے والے فنڈ کی تفصیلات کے سلسلہ میں، بینک NABARD کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی تعمیل کرسکتے ہیں۔

رپورٹنگ طریقہ کار

SLBC/UTLBC منسلکہ ایکس شیٹ (Annex III Part A.B.C.) سہ ماہی بنیاد پر آر بی آئی کے نمائندہ آفسوں کو سہ ماہی کے اختتام سے ۲۰ دنوں کے اندر اندر بھیج سکتے ہیں اس سرکلر میں اشارہ کردہ چیزوں کے علاوہ فائنانشیل لیٹریسی سینٹروں کو اس بات کی چھوٹ ہے کہ وہ ان فائنشیل لیٹریسی سرگرمیوں کو اختیار کریں جن کو وہ مقامی ضروریات کے لحاظ سے ضروری سمجھتے ہوں۔